پیپلز فورم کے تحت دو سو سے زائد دانشوروں کا دورہ بھارت جسے دونوں طرف سے ہر طرح سے سہولتیں فراہم کی گئیں۔

یہ واقعات واقدامات سفارتی سطح پر ہماری پسپائی کا مظہر ہیں اور تحریک آزادی اور پاکستان کے مفادات کے حوالے سے سخت نقصان دہ ہے۔ آپ بحیثیت قومی قائد اپنی پارٹی میں اعلیٰ سطح پر غوروغوص فرمائیں حکومت کو متوجہ کریں اور اپنی انتخابی / سیاسی مہم میں مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اپنی پالیسی، اپنے منشوراور پوری مہم میں واضح فرماتے رہیں تاکہ قوم کے اندر یہ مسئلہ زندہ رہے اور حکومت پر بھی دباؤ بڑھتا رہے اور وہ مزید پسپائی سے باز رہے۔

پاکستان کی ایک اہم جماعت کے سربراہ کی حیثیت سے آپ کی قومی اور ملی ذمہ داری ہے کہ اس تاریخی موقع پر آپ ان شہداء کوفراموش نہ کریں جن کے خون سے کشمیر سے آنے والے دریالالہ زار ہوچکے ہیں، دریاؤں کے پانیوں کی وساطت سے وہ پاک خون پاک سرزمین میں جذب ہوکر پاکستان کو ہریالی بخشتا ہے اور اسی کے طفیل پاکستان شاداب بھی ہے اور روشن بھی۔

امید ہے کہ پاکستان کے دفاع اور استحکام کی خاطر دی جانے والی قربانیوں کو فراموش نہ کریں گے اور ایک ذمہ دارقائد کی حیثیت سے اپنا فرض اداکریں گے۔ انشاء اللہ۔

والسلام

عبدالرشید ترابی

امیرجماعت اسلامی آزادجموں وکشمیر

طالبان کے خلاف مبالغہ آمیز پروپیگنڈہ

چنددن قبل الیکشن کے موقع پر P.T.V پر اپنے انٹرویومیں طالبان تحریک سے اپنی وابستگی پر فخرکرنے دل خوش کردیا۔ اس سے آپ کا طالبان سے دلی وابستگی کا پتہ چلتاہے۔

اسلامی انقلاب کے اس نازک موڑ پر طالبان کو بہت سوچ سمجھ کر قدم اٹھاناچاہیئے۔ کیونکہ دشمنان اسلام انکے درپے ہیں۔

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے پہلے لوگوں کو ذہنی طورپر تیارکیا۔ پھر خود بخودلوگوں نے اسلامی شعائر کواپناناشروع کیا۔

ڈاکٹرنثارمحمد

اسلامیہ کالج پشاور